نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سرآغاخان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب کی پاکستانی زرعی برآمدات کے فروغ کیلئے منعقدہ دوروزہ پاکستان ایگری ایکسپو2022 کا اختتام۔گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمان کی اختتامی تقریب میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت

نمائش میں 12 ممالک سے تعلق رکھنے والے 70 بین الاقوامی وفود کی شرکت جبکہ 150 مختلف سٹالز ایکسپو سینٹر جوہر ٹاؤن لاہور میں لگائے گئے

پاکستان ایگری ایکسپو2022 کے انعقاد سے پاکستانی ایکسپوٹرز کو بین الاقوامی سطح پرنئی منڈیاں ملنےاورزرعی برآمدات میں اضافے کے امکانات روشن ہوئے ہیں: گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمان

لاہور 19 جون 2022: (   ) پاکستان ایگری ایکسپو کے انعقاد سے پاکستانی ایکسپورٹرز کو بین الاقوامی منڈیاں ملنے اور زرعی برآمدات میں اضافہ کے امکانات روشن ہوئے ہیں جس سے ہماری ملکی زرعی برآمدات میں اضافہ ہوگا ان خیالات کا اظہار گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمان نے محکمہ زراعت پنجاب کے زیراہتمام منعقدہ نمائش کے آخری روز تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔انھوں نے کہا کہ اس نمائش کے انعقاد سے دنیا بھر کو پاکستان کے شعبہ زراعت کے متعلق آگاہی حاصل ہوئی ہے اور اس سے کاشتکاروں، بین الاقوامی کمپنیوں، پروسیسرز، درآمد و برآمد کنندگان کیلئے بین الاقوامی سطح پر رابطہ کاری کے وسیع مواقع میسر آئے ہیں۔انھوں نے مزید کہا کہ ہمارے ملک میں زرعی شعبہ تقریباً70 فیصد زرمبادلہ کے حصول کا ذریعہ ہے جس کا مجموعی طور پر 60 فیصد صوبہ پنجاب پر منحصر ہے۔کھجور اور سٹرس (کینو، مالٹا، سنگترہ) کی پیداوار کے لحاظ سے پاکستان کا شمار دنیا کے تیسرے بڑے ملک میں کیا جاتا ہے جبکہ آم کی پیداوار کے لحاظ سے پاکستان دنیا بھر میں چوتھے نمبر پر ہے۔دنیا بھر میں پاکستان ایک انتہائی اہم برآمد کنندہ کی حیثیت سے نمایاں مقام حاصل کررہا ہے۔پاکستان میں ایسے تمام وسائل موجود ہیں جن کی وجہ سے پاکستان سرمایہ کاری کیلئے ایک ترجیحی ملک سمجھا جاتا ہے ان میں معیاری باغبانی کے استحکام اور بہترین پیداوار کی حامل فصلات، سبزیوں اور پھلوں کے فروغ کیلئے سرمایہ کاری کے لاتعداد مواقع سامنے آرہے ہیں۔ضرورت اس امر کی ہے کہ ایسی نمائشوں کے انعقاد سے دنیا بھر میں زرعی مصنوعات کی مارکیٹنگ کی جائے تاکہ ہماری زرعی برآمدات میں اضافہ ہو سکے۔موجودہ حکومت زرعی برآمدات میں اضافہ کے لئے ترجیحاً اقدامات کررہی ہے۔قبل ازیں سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب ثاقب علی عطیل نے گورنر پنجاب کوخوش آمدید کہا اور بریف کرتے ہوئے بتایا کہ زرعی مصنوعات کے فروغ اور برآمدات میں اضافہ کے لئے اس نمائش کا انعقاد کیا گیا ہے جس میں ملکی و غیر ملکی کمپنیوں نے 150 سٹالز لگائے ہوئے ہیں جبکہ 12 مختلف ممالک سے 70 غیر ملکی وفود اور قریباً 2 ہزار سے زائد

کاشتکاروں اس نمائش میں شریک ہوئے ہیں۔ پاکستان ایگری ایکسپو2022 میں بہتر کاروباری روابط کے لئے بزنس ٹو بزنس میٹنگ کے مواقع بھی میسر ہوئے ہیں۔اس نمائش سے عالمی منڈیوں میں پاکستانی زرعی مصنوعات کی مانگ میں اضافہ ہوگا جس سے ہماری برآمدات بڑھیں گی اور ملکی معیشت مستحکم ہوگی۔اسپشل سیکرٹری زراعت (مارکیٹنگ) پنجاب وقار حسین نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے بتایا کہ پاکستان میں زرعی شعبہ کی بین الاقوامی سطح پر رابطہ کاری کے لئے محکمہ زراعت پنجاب ان نمائشوں کا انعقاد کر رہا ہے۔اس نمائش میں زرعی مصنوعات کے لئے مختلف کمپنیوں کے ایم او یو پر بھی دستخط ہوئے ہیں جس سے ہماری زرعی برآمدات میں اضافہ ہوگا۔اختتامی تقریب میں محکمہ زراعت پنجاب کے اعلیٰ افسران اور کاشتکاروں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔تقریب کے اختتام پر گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمان نے غیر ملکی وفود اور محکمہ زراعت کے افسران کو شیلڈز سے بھی نوازا

☆☆☆☆